© rasailojaraid.com



**سیاست دان اور عوام** — از پروفیسر ڈاکٹر حافظ عبدالقیوم - ۲۵۲ ، ڈی - پیپلز کالونی، فیصل آباد - یہ منظوم پمفلٹ ہے ، اور اس کے ساتھ " اسلام اپنی منزل " بھی چار صفحے کے دو ورقے میں درج ایک نظم ہے ۔

---

**نقوشِ سفر** — شعبۂ تصنیف و تالیف ، اسلامی جمعیت طالبات پاکستان - ان عزیز بہنوں کے کام سے مجھے بڑی دلچسپی ہے جو مغربیت کے خلاف بڑی مضبوط صفیں بنا کر کھڑی ہو گئی ہیں - ان اوراق میں ان کے کام کی مختصر روداد ہے کہ کن کن دائروں میں انہوں نے کیا کیا کیا - اور جو کچھ کیا ، حیران کن ہے - اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ !

---

**رپورٹ کالم** — پیش کش ، ایضاً - اس پمفلٹ میں اسلامی جمعیت طالبات نے نماز ، قرآن و حدیث ، مطالعۂ لٹریچر ، اخلاقیات ، انفرادی ملاقاتیں ، توسیع دعوت ، تنظیم اور اس کے تقاضے ، اجتماعات کی اہمیت ، محاسبہ ، تربیت وغیرہ موضوعات پر اپنی کارکنوں کو رہنمائی دی ہے ۔

---

**خواتین یونیورسٹی** — کیوں اور کس طرح ؟ مرتبہ : ادارۂ تعلیمی تحقیق ، تنظیم اساتذہ پاکستان ذیلدار پارک ، اچھرہ ، لاہور ۔

اس اہم کتابچے میں ڈاکٹر انیس احمد ، پروفیسر مسلم سجاد ، جناب ممتاز احمد اور راقم ناچیز کی تحریریں جمع کی گئی ہیں - قیمت : ۱۶/ روپے ۔

---

اب اس کے بعد کے حصے میں ہم مجبور ہیں کہ رسالوں یا پمفلٹوں کے صرف نام پتے درج کر دیں

---

**تحریکِ ختمِ نبوت کے پمفلٹ** — مؤلف : مولانا محمد یوسف لدھیانوی - ناشر : عالمی مجلس تحفظ ختمِ نبوت - حضوری باغ - ملتان - ۱- المہدی والمسیح ۲- نزولِ عیسیٰ علیہ السلام - ۳- مرزا غلام احمد قادیانی بقلم خود ۴- حضرت مسیح مرزا قادیانی کی نظر میں (مؤلفہ : لال حسین اختر مرحوم) ہر پمفلٹ ایک روپے کی ٹکٹیں بھیج کر منگوایا جا سکتا ہے ۔



© rasailojaraid.com